علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

کلیہ عربی وعلومِ اسلامیہ

(شعبہ سیرت سٹڈیز)

عزیز طلبہ! آپ یہ بات ذہن نشین کرلیں کہ:

1۔ اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یاڈگری سے محروم ہوسکتے ہیں خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلہ پر ہو جائے۔

2۔ کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی "مواد کی چوری Plagiarism" پالیسی کے مطابق سزادی جائے گی۔

کورس: عقیدہ وعلم الکلام(3921) **سمسٹر: بہار،2026ء**

سطح: بی ایس علوم اسلامیہ (تخصص سیرت سٹڈیز)

ہدایت نامہ برائے طلبہ

برائے مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے

1- تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں البتہ ہر سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔

2- سوالات کو توجہ سے پڑھیئے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجئے۔

3- ہاتھ سے تحریر شدہ سکین (Scanned) امتحانی مشقیں قبول نہیں کی جائیں گی، صرف اردو اور عربی میں اپنی مشقیں حل کرنے والے طلبہ اپنے ہاتھ سے لکھی ہوئی مشق سکین کر کے اپنے LMS پورٹل پر اپ لوڈ کرسکتے ہیں، فائل کا زیادہ سے زیادہ سائز 5MB ہونا چاہیے۔

4- ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں (Word یا PDF فارمیٹ) میں LMS پر بروقت یا مقررہ تاریخ سے قبل اَپ لوڈ کریں۔

5- مقررہ تاریخ کے بعد / تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اَپ لوڈ نہ ہو سکیں گی جس کی تمام تر ذمہ داری طالب علم پر ہو گی۔

6- آپ کے تجرباتی اور نظریاتی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔

7- غیر متعلقہ بحث / معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجئے۔

کل نمبر:100 | کامیابی کے نمبر:50

امتحانی مشق نمبر1

(یونٹ:1تا4)

سوال نمبر1- دین اور اسلام کا مفہوم واضح کریں نیز ثابت کریں کہ تمام انبیاء علیہم السلام کا دین ایک ہی تھا۔ (20)

سوال نمبر2- عقیدہ توحید اور شرک کی علمی تعریف کریں نیز ان کی مختلف اقسام اور انسانی زندگی پر اثرات کا تنقیدی جائزہ لیں۔ (20)

سوال نمبر3- نبوت اور رسالت کے فرق کی وضاحت کریں نیز معجزہ، استدراج اور جادو کے درمیان فرق واضح کریں۔ (20)

سوال نمبر4- ایمان بالرسل کی ضرورت واہمیت نیز انبیاء علیہم السلام کی "عصمت" اور "معجزات" پر مضمون لکھیں۔ (20)

سوال نمبر5- وحی کی تعریف اور اس کی ضرورت بیان کریں نیز چاروں الہامی کتابوں کا بنیادی تعارف تحریر کریں۔ (20)

کل نمبر:100 | کامیابی کے نمبر:50

امتحانی مشق نمبر2

(یونٹ:5-9)

سوال نمبر1- ایمان بالقضاء والقدر کا مفہوم لکھیں نیز تقدیرِ مبرم اور تقدیرِ معلق کے مابین فرق تحریر کریں۔ (20)

سوال نمبر2- علاماتِ قیامت سے کیا مراد ہے؟ علاماتِ صغریٰ اور علاماتِ کبریٰ پر مفصل بحث کریں۔ (20)

سوال نمبر3- ملائکہ پر ایمان کی شرعی حیثیت بیان کریں نیز چار مقرب فرشتوں اور کراماًکاتبین پر جامع نوٹ لکھیں۔ (20)

سوال نمبر4- قرآن کریم کی لغوی واصطلاحی تعریف کریں اور قرآن مجید کی منفرد خصوصیات اور اعجاز پر روشنی ڈالیں (20)

سوال نمبر5- اسلامی تعلیمات کی روشنی میں عقیدہ آخرت اور انسانی زندگی پر اس کے اثرات کی وضاحت کریں۔ (20)